# 3928 ـ مرد کا اپنے ابرو کاٹنا

**سوال**

کیا مرد کے لیے اپنے ابرو کاٹنا جائز ہے، تا کہ اس کی شکل و صورت اچھی اور مقبول بن جائے، خوبصورتی و زینت یا فیشن کے لیے نہیں ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

مرد کے لیے اپنے ابرو کے بال اکھیڑنے اور کاٹنےحرام ہیں.

دیکھیں: الموسوعۃ الفقھیۃ جلد ( 14 ) تنمص.

جس طرح عورتوں کے لیے ابرو کاٹنے جائز نہیں اسی طرح مردوں کے لیے بھی جائز نہیں، شریعت نے ابرو کا بال اکھیڑنے سے منع کیا ہے، چاہے ایك ہی بال کیوں نہ ہو، اور بال کاٹنے سے تو بال اور لمبے ہوتے ہیں جس اور بھی بدصورت ہو جائینگے.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ بالمشافہ نے مجھے یہی فتوی دیا تھا.

لیکن اگر وہ اسے تکلیف دیں یعنی وہ اس کی آنکھوں پر گر جائیں اور اسے دیکھنے میں رکاوٹ بنیں تو وہ انب الوں کو کاٹ لے جو اسے تکلیف دے رہے ہیں "

ماخوذ از: شیخ عبد اللہ بن قعود کے ساتھ اس مسئلہ میں مباحثہ.

واللہ اعلم .